پھر جب حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے وہ دُعا اپنے بیٹے کو سکھائی جو اوپر درج کی گئی ہے۔ (کنز العمال، کتاب الأذکار، فصل فی أدعیة

(۲۷) دُعائے خضر عَلَیْہِ السَّلَام

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْاِقْبَالَ عَلَيْكَ وَ الْاِصْغَاءَ اِلَيْكَ وَ الْفَهْمَ عَنْكَ وَ الْبَصِيْرَةَ فِيْ اَمْرِكَ وَ النِّفَاذَ فِيْ طَاعَتِكَ وَ التَّسْلِيْمَ وَ التَّفْوِيْضَ اِلَيْكَ[55]

خادم اہلسنّت حافظ عبد الوحید الحنفی

الحرز، ج:۲ص:۲۶۶، ۲۶۷، رقم الحدیث:۵۰۲۰، ۵۰۲۱، طبع:مؤسّسۃ الرسالۃ)

[55] ترجمہ:۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیری طرف متوجّہ ہونے اور تیری طرف مائل ہونے کی دُعا کرتا ہوں، (معاملات کی) سمجھ تجھ سے مانگتا ہوں، تیرے حکم کے بارے میں بصیرت مانگتا ہوں، تیری طاعت کا نفاذ چاہتا ہوں، اپنے آپ کو پوری طرح تیری طرف سپرد کرنے کی دُعا کرتا ہوں۔ (الإصابة فی تمییز الصحابة، حرف الخاء، الخضر صاحب موسیٰ علیہ السلام، ج:۲ ص:۲۷۹، طبع دار الکتب العلمیۃ)

(۲۸) کاموں میں آسانی، کامیابی اور قلبی سکون کے لیے

یہ دُعا روزانہ صبح کم از کم ایک بار پڑھی جائے،

(اوّل و آخر دُرود شریف)

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْلَنَا اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَ اَبْدَانِنَا وَ السَّلَامَةِ وَ الْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَ دُنْيَانَا، وَكُنْ صَاحِبَنَا فِيْ سَفَرِنَا وَ خَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا، وَ اطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا، وَ اجْعَلْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا، وَ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا، وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا، وَ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا، اَنْتَ رَبِّيْ، اَنْتَ حَسْبِيْ، اَنْتَ وَلِيِّ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ، اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ، يَا مَالِك يَوْمِ الدِّيْنِ، اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ

نَسْتَعِيْنُ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ[56]

(۲۹) موجودہ حالات کے لیے مسنون دُعائیں

(اوّل و آخر دُرود شریف)

(ا) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ[57]

---

[56] ترجمہ: اے اللہ! ہمارے دِلوں اور ہمارے بدن کی راحت کے ساتھ اور ہمارے دِین اور ہماری دُنیا کی سلامتی و عافیت کے ساتھ ہمارے کاموں کو آسان کر دیجیے، ہمارے سفر میں ہمارا ساتھ دیجیے اور ہمارے گھر والوں میں ہمارا نائب بن جایئے۔ ہمارے دُشمنوں کے چہروں کو مٹا دیجیے اور ہمارے لیے اپنی طرف سے ہمارا حمایتی بنا دیجیے اور ہمارے لیے اپنی طرف سے مددگار بنا دیجیے، اور اللہ ہی ولی بننے کے لیے کافی ہے اور اللہ ہی مددگار ہونے کے لیے کافی ہے، تو میرا رَبّ ہے، تو مجھے کافی ہے، تو ہی دُنیا و آخرت میں میرا رکھوالا ہے۔ اے روزِ جزا کے مالک! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ اے حی و قیوم! میں آپ کی رحمت کے واسطے سے آپ سے فریاد کرتا ہوں۔ (الوافی بالوفیات، ترجمۃ علی بن عبداللہ، ج: ۲۱ ص: ۱۴۲، طبع دار إحیاء التراث العربی)

[57] ترجمہ:۔ ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

(۲) اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجۡعَلُكَ فِیۡ نُحُوۡرِهِمۡ وَ نَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شُرُوۡرِهِمۡ [58]

(۳) اَللّٰھُمَّ لَا مَلۡجَأَ وَلَا مَنۡجَأَ مِنۡكَ اِلَّا اِلَیۡكَ [59]

اِن دُعاؤں کی تعداد مقرّر نہیں، چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھیں۔

(۳۰) نظرِ بد، سحر اور آسیب وغیرہ سے حفاظت کا ایک مجرّب عمل

(۱) دُرود شریف (ایک مرتبہ)

(۲) (تین بار، یا کم از کم ایک بار صبح وشام یہ آیات پڑھیں:)

ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَیۡكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا

---

[58] ترجمہ: یا اللہ! ہم آپ کو ان کے مقابلے میں رکھتے ہیں اور ان کے شر سے پناہ مانگتے ہیں۔

[59] ترجمہ: اے اللہ! عذاب سے بچنے اور نجات حاصل کرنے کی کوئی جگہ نہیں سوائے تیری ذات کے۔

يَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَ طَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ
اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ
الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ
شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِیْۤ
اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا
مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ
فِیْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى
مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَ لِيَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَ
لِيُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ [60]

60ترجمہ:۔ پھر اس غم کے بعد اللہ نے تم پر طمانینت نازل کی، ایک اُونگھ جو تم میں سے کچھ لوگوں پر چھا رہی تھی اور ایک گروہ تھا جسے اپنی جانوں کی پڑی

(۳)درود شریف(ایک مرتبہ)

(۳۱)کاموں میں آسانی اور برکت کا مجرب عمل

ہر اہم کام شروع کرنے سے پہلے پڑھیں:

(۱)دُرود شریف(ایک بار)

(۲)(تین بار، یا کم از کم ایک بار یہ آیت:)

خادم اہلسنّت حافظ عبد الوحید الحنفی

⏭ ہوئی تھی۔ وہ لوگ اللہ کے بارے میں ناحق ایسے گمان کر رہے تھے جو جہالت کے خیالات تھے۔وہ کہہ رہے تھے: "کیا ہمیں بھی کوئی اختیار حاصل ہے؟" کہہ دو کہ: "اختیار تو تمام تر اللہ کا ہے"۔ یہ لوگ اپنے دِلوں میں وہ باتیں چھپاتے ہیں جو آپ کے سامنے ظاہر نہیں کرتے۔ کہتے ہیں کہ: "اگر ہمیں بھی کچھ اختیار ہوتا تو ہم یہاں قتل نہ ہوتے۔" کہہ دو کہ: "اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تب بھی جن کا قتل ہونا مقدّر میں لکھا جا چکا تھا وہ خود باہر نکل کر اپنی اپنی قتل گاہوں تک پہنچ جاتے۔ اور یہ سب اس لیے ہوا تاکہ جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اللہ اُسے آزمائے، اور جو کچھ تمہارے دِلوں میں ہے اس کا میل کچیل دُور کر دے۔ اللہ دِلوں کے بھید کو خوب جانتا ہے۔(سورہ آل عمران)

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾ [61]

(۳) دُرود شریف (ایک بار)

(۳۲) تعلیمی ترقی، آسانی اور اِمتحان میں کامیابی کے لیے دُعا

مطالعہ یا سبق شروع کرتے وقت یا اِمتحان شروع ہونے کے وقت پڑھیں:

(۱) دُرود شریف (ایک بار)

(۲) (تین بار درج ذیل آیات:)

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَ یَسِّرْ لِیْۤ

[61] ترجمہ:۔ یا رَبّ! مجھے جہاں داخل فرما اچھائی کے ساتھ داخل فرما، اور جہاں سے نکال اچھائی کے ساتھ نکال، اور مجھے خاص اپنے پاس سے ایسا اِقتدار عطا فرما جس کے ساتھ (تیری) مدد ہو۔ (سورہ بنی اسرائیل)

اَمۡرِیۡ ﴿۲۶﴾ وَ احۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ﴿۲۷﴾
یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ ﴿۲۸﴾ [62]

(۳) دُرود شریف (ایک بار)

(۳۳) دِل کے مریضوں کے لیے مجرب عمل

ہر فرض نماز کے فوراً بعد دِل پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں:

(۱) دُرود شریف (ایک بار)

(۲) (سات بار یوں پڑھیں:)

یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَ قَلْبِیْ [63]

(۳) دُرود شریف (ایک بار)

---

[62] ترجمہ:۔ پروردگار! میری خاطر میرا سینہ کھول دیجیے اور میرے لیے میرا کام آسان بنا دیجیے اور میری زبان میں جو گرہ ہے اُسے دُور کر دیجیے تا کہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔ (سورہ طٰہٰ)

[63] ترجمہ:۔ اے قوی! اے قادر و قدرت والے! مجھے قوّت عطا فرما اور میرے دِل کو قوّت عطا فرما۔

پھر اُسی ہتھیلی پر دَم کر کے اُسے پورے سینے پر پھیر لیں، یہ عمل ہمیشہ جاری رہنا چاہیے۔

(۳۴) دَردِ سر کے لیے مجرّب عمل

سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں:

(۱) دُرود شریف (تین بار)

(۲) سورۃ فاتحہ (سات بار)

(۳) (گیارہ بار یہ آیت:)

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿١٩﴾[64]

(۴) سورۃ فاتحہ (سات بار)

(۵) دُرود شریف (تین بار)

پھر اسی ہاتھ کی ہتھیلی پر دَم کر کے سر پر پھیر لیں۔

---

[64] ترجمہ:۔ جس سے نہ اُن کے سر میں درد ہو گا، اور نہ ان کے ہوش اُڑیں گے۔ (سورہ الواقعہ)

(۳۵) تکلیف کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر

مریض اپنا دایاں ہاتھ تکلیف کی جگہ پر رکھ کر ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل دُعائیں پڑھے، اور اُسی ہتھیلی پر دم کر کے وہ ہتھیلی تکلیف کی جگہ پر پھیر لیا کرے:

(۱) دُرود شریف (ایک بار)

(۲) (ایک بار درج ذیل پڑھیں:)

بِسمِ اللّٰہِ، بِسمِ اللّٰہِ، بِسمِ اللّٰہِ [65]

(۳) (سات مرتبہ یہ پڑھیں:)

اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ [66]

(۴) دُرود شریف (ایک بار) [67]

---

[65] ترجمہ: اللہ کے نام سے، اللہ کے نام سے، اللہ کے نام سے۔

[66] ترجمہ: میں اللہ کی عزّت و قدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس (درد) کے شر سے جو میں محسوس کر رہا ہوں اور جس سے مجھے خوف (یا تکلیف) ہے۔

[67] منقول از صحیح مسلم

(۳۶) آپریشن، ولادت یا ہر مشکل کے وقت

(۱) دُرود شریف (ایک مرتبہ)

(۲) (پھر یہ پڑھیں:)

اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِيْ[68] فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ[69]

(۳) دُرود شریف (ایک مرتبہ)

حافظ عبد الوحید الحنفی

---

[68] مریض اگر خود پڑھے تو اسی طرح پڑھے، اور اگر کوئی دوسرا شخص مریض کے لیے پڑھے تو ''بِيْ'' کی جگہ ''بِهَا'' پڑھے۔ نیز ویسے بھی جب اس آنے والی مشکل کا دھیان آئے تو یہ دُعا پڑھتے رہیں، جس کی کوئی تعداد مقرّر نہیں۔

[69] ترجمہ:۔ اے اللہ! ہر دُشوار کو آسان کر کے مجھ پر فضل و کرم فرما دیجیے کیوں کہ ہر دُشوار کو آسان کرنا آپ کے لیے آسان ہے۔

(۳۷)بیوی بچوں اور شوہر کی دِینی و دُنیاوی صحت، کامیابی اور پُر مسرّت وخوشگوار زندگی کے لیے دُعا

والدین ہر نماز کے بعد تین بار یہ دُعا کریں:

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۝۷۴ [70]

(۳۸)ذِیابیطس (شوگر) کا بہت مجرّب علاج

صبح کو زوالِ آفتاب سے پہلے اور شام کو نمازِ عصر کے بعد پڑھیں (باوضو ہوں تو بہتر ہے):

(۱)دُرود شریف (ایک مرتبہ)

(۲)(تین مرتبہ یہ آیت:)

---

[70] ترجمہ:۔ ہمارے پروردگار! ہمیں اپنی بیوی بچوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیز گاروں کا سربراہ بنادے۔(سورہ الفرقان)

رَبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ﴿۸۰﴾[71]

(۳)دُرود شریف(ایک مرتبہ)

مندرجہ بالا عمل ڈھائی ماہ تک بلا ناغہ پابندی سے کیا جائے۔ اگر کبھی خدانخواستہ ناغہ ہو جائے تو عمل از سرِ نو دوبارہ شروع کیا جائے۔

(۳۹)ایک خاص عمل

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ۝ (۳بار) هُوَ اللّٰهُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ

---

71 ترجمہ: یارَبّ! مجھے جہاں داخل فرما اچھائی کے ساتھ داخل فرما، اور جہاں سے نکال اچھائی کے ساتھ نکال، اور مجھے خاص اپنے پاس سے ایسا اقتدار عطا فرما جس کے ساتھ (تیری) مدد ہو۔ (سورہ بنی اسرائیل)

الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ
اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ
الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰىؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَ الْاَرْضِۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (ایک بار) [72]

سورہ حشر کی یہ تین آیات اگر صبح پڑھ لے تو شام تک اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے پڑھنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ سے رحمت کی دعائیں مانگتے رہتے ہیں۔

---

72 سورۃ الحشر پ۲۸ آیت ۲۲ تا ۲۴

اور اگر وہ پڑھنے کے بعد اسی رات یا صبح کو انتقال کر گیا تو شہادت کی موت پائے گا۔[73]

☆☆☆☆

خادم اہلسنّت حافظ عبد الوحید الحنفی

[73] ترمذی شریف

اعمالِ متفرقہ صبح وشام

شیخ الاسلام والمسلمین حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: فرائض وواجبات وسنن کے علاوہ چاہیے کہ بعض عبادتوں اور اوراد ووظائف زبانی پر جو کہ صفائی قلب کے لئے مدد ومعاون ہیں، مداومت کی جائے۔

نمازِ تہجد آخر شب میں کم سے کم دو رکعت اور زیادہ کے لئے کوئی مقدار نہیں ہے۔ البتہ جناب رسول اللہ ﷺ سے بارہ رکعت سے زیادہ منقول نہیں ہے۔

تہجد کا وقت تہجد کی نماز اخیر رات میں افضل ہے، مگر آدھی رات سے پہلے بھی ہو سکتی ہے۔ اگر کسی کو یہ ڈر ہو کہ اخیر رات اس کی آنکھ نہ کھلے گی تو وہ عشاء کے بعد سوتے وقت تہجد پڑھ لے۔

نماز اشراق آفتاب طلوع ہونے کے بعد جب کہ بقدر ایک قامت یا دو قامت اونچا ہو جائے تو کم سے کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ چھ (٦) رکعت پڑھی جائیں۔ اس میں کسی سورۃ کی تخصیص نہیں ہے۔

نمازِ ضحی یا چاشت جب آفتاب پورب (مشرق) کی طرف اتنا اونچا

ہو جائے جتنا کہ ظہر کے وقت پچھم (مغرب) کی طرف ہوتا ہے، اس وقت یہ نفل پڑھے جاتے ہیں۔ انہیں کو نمازِ چاشت اور صلوٰۃ الضحیٰ کہتے ہیں اور یہی صلوٰۃ الاوّابین ہے جس کا تذکرہ خاص فضیلت کے ساتھ احادیث میں آیا ہے۔ اب غلطی سے مغرب کے بعد کی نوافل کو صلوٰۃ الاوّابین کہنے لگے ہیں۔ یہ کم از کم چار اور زیادہ سے زیادہ آٹھ (۸) رکعتیں ہیں۔

نماز فی الزوال اس نماز کو صلوٰۃ الزوال بھی کہتے ہیں۔ آفتاب کے ڈھل جانے کے بعد چار رکعتیں خواہ دو سلام سے (یعنی دو دو رکعت) یا ایک سلام سے (یعنی چار رکعت ملی ہوئی) پڑھیں۔

نوافل عصر عصر کے فرض سے پہلے چار رکعتیں ہیں۔

نوافل مغرب اس نماز کو عام لوگ صلوٰۃ الاوابین کہتے ہیں۔ کم سے کم چھ رکعتیں ہیں اور زیادہ سے زیادہ بیس (۲۰) رکعتیں۔

نوافل عشاء عشاء کے فرض سے پہلے چار رکعتیں ہیں۔

صلوٰۃ التسبیح اگر فراغت ہو تو ہر جمعہ میں ایک بار پڑھی جائے ورنہ ہر مہینہ میں یا ہر سال میں اور کم از کم عمر بھر میں ایک مرتبہ۔ اس کو

چھوڑنا نہ چاہیے۔

ایامِ بیض کے روزے ان نوافل نمازوں کے علاوہ نوافل روزے بھی بہت زیادہ مفید اور کارآمد ہیں۔ ان میں سے ایام بیض یعنی ہر مہینے کی تیرھویں، چودھویں، پندرھویں تاریخوں میں روزہ رکھنا۔

روزہ جمعرات اور دوشنبہ (پیر) ہر ہفتہ میں جمعرات اور دوشنبہ (پیر) کو بھی روزۂ نفلی رکھا جائے۔

روزہ ششا عید شوال کے مہینے میں عید کے بعد چھ روزے رکھے جائیں۔

روزہ ذی الحجہ ذی الحجہ کے مہینے میں اوّل کے نو(۹) دِن تک روزے رکھے جائیں اور اگر آسانی نہ ہو تو کم سے کم عرفہ کے دن یعنی نویں ذی الحجہ کا روزہ حتی الوسع ترک نہ کیا جائے۔ حج کرنے والے شخص کو اس دن روزہ نہ رکھنا بہتر ہے تا کہ افعالِ حج میں کوتاہی نہ ہو۔

روزہ عاشورہ محرم کے مہینے کی نویں اور دسویں میں روزہ رکھا جائے۔ نیز چاہیے کہ **روزانہ تلاوتِ قرآن شریف** کرتے رہیں۔ کم از کم اتنا ضرور پڑھ لینا چاہیے کہ چالیس دن میں قرآن شریف ختم ہو جایا

کرے۔ اور

صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھا کریں۔

بعد نمازِ فجر ① سُبْحَانَ اللّٰہِ سو (۱۰۰) مرتبہ، ② اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سو مرتبہ، ③ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سو مرتبہ، ④ اَللّٰہُ اَکْبَرُ سو مرتبہ، ⑤ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ سو مرتبہ اور 6 **درود شریف** اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَعْلُوْمٍ لَّكَ سو مرتبہ پڑھا کریں۔

درود شریف

(۲) حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز درود شریف کے کلماتِ ذیل کو زیادہ پسند فرماتے تھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی عَدَدَ مَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی۔ اس لیے ان دونوں درودوں میں سے جو آسان ہو پڑھ لیا کریں۔ میرے نزدیک بھی بہتر دوسرا ہے۔

نماز مغرب کے بعد اور اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد بھی ان

چھ تسبیحوں کو پڑھا کریں۔

(۲) اور سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سو مرتبہ

(۳) اور يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْءَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا يَا اللّٰهُ اکتالیس (۴۱) مرتبہ

(۴) اور اگر فرصت ہو تو دلائل الخیرات کی ایک منزل بھی روزانہ پڑھ لیا کریں۔

نمازِ عشاء کے بعد اور بعد نمازِ عشاء ایک سو مرتبہ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں۔

☆ **اور ہر نماز کے بعد** سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۴ مرتبہ

اور ایک مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط پڑھیں۔

ذِکر لسانی و قلبی کا طریقہ ذکر لسانی ہمیشہ اپنی کثرت اور مداومت سے کریں۔ ذکر قلبی جس کا مرکز زیر پستان چپ جو چار انگل نیچے ہے اور ذکر روحی کی طرف جس کا مرکز زیر پستان راست ہے، منجر ہوتا ہے۔ مگر ہم کو لطائف کے جاری کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس میں مسافت طویل ہے۔ بہرحال پچیس ہزار (۲۵۰۰۰) ذکر لسانی پر مداومت فرمایئے اور جس قدر اس میں زیادتی ممکن ہو عمل میں لاتے ہوئے **قلبی ذکر** کی طرف بھی توجہ فرمایئے۔ یعنی قلب جو کہ بائیں پستان سے چار انگل نیچے تصور کیجئے، اس سے لفظ "اللہ" برابر نکلتا رہے۔

ذات مقدسہ چونکہ محبوب قلب ہے اور حسب قاعدہ مَنْ اَحَبَّ شَیْءًا اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ۔ قلب بے چینی کے ساتھ محبوب حقیقی کو یاد کرتا ہے۔ اس میں ذکر لسانی کو دخل نہ دیجئے، فقط دھیان اور تصور ہو گا۔

خادم اہلسنت حافظ عبدالوحید

اور خیال ہی خیال میں ذکر کرتے ہوئے کم از کم دو ہزار (۲۰۰۰)
روزانہ ایک ہی مجلس میں یا متعدد مجالس میں اس کو پورا کیجیے۔[74]

☆☆☆☆

خادم اہلسنّت حافظ عبدالوحید الحنفی

[74] مکتوبات شیخ الاسلام حضرت مدنی ج ۴ ص ۱۰۹

ارشادِ نبوی ﷺ

(١) اسلام، ایمان، ہجرت، جہاد کیا ہیں؟

اَلْاِسْلَامُ اَنْ تُسْلِمَ قَلْبُكَ وَ يُسْلِمُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِكَ وَ يَدِكَ[75]۔ قِيْلَ: فَاَيُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اَلْاِيْمَانُ[76]۔ قِيْلَ: وَ مَا الْاِيْمَانُ؟ قَالَ: اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَ مَلَائِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ الْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ[77]۔ قِيْلَ: فَاَيُّ الْاِيْمَانِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اَلْهِجْرَةُ[78]۔ قِيْلَ: وَ

---

[75] ترجمہ: اسلام یہ ہے کہ تیرا دِل اسلام لے آئے اور مسلمان تیری زبان اور ہاتھ کی ایذا سے محفوظ ہو جائیں۔

[76] ترجمہ: آپ ﷺ سے پوچھا گیا: کون سا اسلام افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: ایمان۔

[77] ترجمہ: آپ ﷺ سے دریافت کیا گیا: ایمان کیا ہے؟ فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تم اللہ عزو جل اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں اور موت کے بعد دوبارہ اُٹھائے جانے پر ایمان لاؤ۔

[78] ترجمہ: دریافت کیا گیا: کون سا ایمان افضل ہے؟ فرمایا: ہجرت۔

مَا الْهِجْرَةُ؟ قَالَ: اَنْ تَهْجُرَ السُّوْءَ[79]۔ قِيْلَ: فَاَیُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الْجِهَادُ[80]۔ قِيْلَ: وَ مَا الْجِهَادُ؟ قَالَ: اَنْ تُقَاتِلَ الْكُفَّارَ اِذَا لَقِيْتَهُمْ[81]۔ قِيْلَ: فَاَیُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ عُقِرَ جَوَادُهٗ وَ اُهْرِيْقَ دَمُهٗ۔ ثُمَّ عَمَلَانِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ اِلَّا مَنْ عَمِلَ بِمِثْلِهَا حَجَّةٌ مَّبْرُوْرَةٌ اَوْ عُمْرَةٌ[82]۔

خادم اہلسنّت حافظ عبدالوحید الحنفی

---

[79] ترجمہ: دریافت کیا گیا: ہجرت کیا ہے؟ فرمایا: تم گناہوں کو چھوڑ دو۔

[80] ترجمہ: دریافت کیا گیا: کون سی ہجرت افضل ہے؟ فرمایا: جہاد۔

[81] ترجمہ: دریافت کیا گیا: جہاد کیا ہے؟ فرمایا: جہاد یہ ہے کہ جب کفار سے تمہارا مقابلہ ہو، تم ان سے قتال کرو۔

[82] ترجمہ: دریافت کیا گیا: کون سا جہاد افضل ہے؟ فرمایا: جس جہاد میں مجاہد کا گھوڑا زخمی ہو جائے اور اس کا خون بہہ جائے۔ پھر اس کے بعد دو عمل سب سے افضل ہیں، الا یہ کہ کوئی اُن ہی جیسا عمل کرے: مقبول حج یا عمرہ۔ (مسند احمد، الطبرانی فی الکبیر بروایت عمرو بن عبسہ، رجالہ ثقات، کنزل العمال ج ۱ حدیث ۱۷ بروایت عمرو بن عبسہ رجالہ ثقات)

(۲) حقیقت الاسلام

حَقِیْقَةُ الْاِسْلَامِ اَنْ تَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ تُقِیْمُ الصَّلٰوةَ وَ تُؤْتِیَ الزَّكٰوةَ وَ تَصُوْمَ رَمَضَانَ وَ تَحُجَّ الْبَیْتَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا[83]

(۳) اسلام وایمان

خادم اہلسنّت حافظ عبدالوحید

اَلْاِسْلَامُ عَلَانِیَةٌ وَالْاِیْمَانُ فِی الْقَلْبِ[84]

☆☆☆☆

---

[83] ترجمہ: اسلام کی حقیقت یہ ہے کہ تم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا اقرار کرو، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو اور بیت اللہ کا حج کرو اگر اس کے سفر کی وسعت ہو۔ (مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی بروایت عمر رضی اللہ عنہ، کنزالعمال ج ا حدیث ۱۸)

[84] ترجمہ: اسلام ظاہر میں ہونا اور ایمان دِل میں۔ (ابن ابی شیبہ بروایت انس رضی اللہ عنہ، کنز العمال ج ا حدیث ۱۹)

اربعین نبوی ﷺ (چہل حدیث)

عَنْ سَلْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ عَنِ الْاَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا اَلَّتِیْ قَالَ مَنْ حَفِظَھَا مِنْ اُمَّتِیْ دَخَلَ الْجَنَّۃَ قُلْتُ وَ مَا ھِیَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ:

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے پوچھا کہ وہ چالیس حدیثیں جن کے بارے میں یہ کہا ہے کہ جو ان کو یاد کرلے، جنت میں داخل ہوگا، وہ کیا ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

۱ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰہِ	اللہ پر ایمان لائے[85]
۲ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ	اور آخرت کے دن پر
۳ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ	اور فرشتوں کے وجود پر
۴ وَالْکُتُبِ	اور پہلی کتابوں پر
۵ وَالنَّبِیّٖنَ	اور تمام انبیاء علیہم السلام پر

---

[85] یعنی اس کی ذات وصفات پر

٦ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ
اور مرنے کے بعد دوبارہ زندگی پر

٧ وَ الْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَ شَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى
اور تقدیر پر کہ بھلا اور بُرا جو کچھ ہوتا ہے، سب اللہ ہی کی طرف سے ہے

٨ وَ اَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ
اور گواہی دے تو اس امر کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اس کے سچے رسول ہیں

٩ وَ تُقِيْمَ الصَّلٰوةَ بِوُضُوْءٍ سَابِغٍ كَامِلٍ لِّوَقْتِهَا
ہر نماز کے وقت کامل وضو کر کے نماز کو قائم کرے[86]

١٠ وَ تُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ
اور زکوٰۃ ادا کرے

---

[86] کامل وضو وہ کہلاتا ہے جس میں آداب و مستحباب کی رعایت رکھی گئی ہو اور ہر نماز کے وقت اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ نیا وضو ہر نماز کے لئے کرے اگرچہ پہلے سے وضو ہو کہ یہ مستحب ہے اور نماز کے قائم کرنے سے اس کے تمام سنن اور مستحبات کا اہتمام مراد ہے۔ چنانچہ دوسری روایت میں وارد ہے: اِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ اِقَامَةِ الصَّلٰوةِ (یعنی جماعت میں صفوں کا ہموار کرنا کہ کسی قسم کی کجی یا درمیان میں خلا نہ رہے) یہ بھی نماز قائم کرنے کے مفہوم میں داخل ہے۔

۱۱ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ اور رمضان کے روزے رکھے

۱۲ وَ تَحُجَّ الْبَيْتَ اِنْ كَانَ اور اگر مال ہو تو حج کرے[87]
لَكَ مَالٌ

۱۳ وَ تُصَلِّيَ اثْنَتَيْ عَشَرَةَ بارہ رکعت سنت موکدہ روزانہ ادا
رَكْعَةً فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّ لَيْلَةٍ کرے[88]

۱۴ وَّ الْوِتْرَ لاَ تَتْرُكْهُ فِيْ كُلِّ اور وتر کو کسی رات میں نہ چھوڑے
لَيْلَةٍ[89]

۱۵ وَلَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا اور اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک

خادم اہلسنّت عبدالوحید الحنفی

---

[87] یعنی اگر جانے کی قدرت رکھتا ہو تو حج بھی کرے، چونکہ اکثر مانع مال ہی ہوتا ہے، اس لئے اسی کو ذکر فرمادیا۔ ورنہ مقصود یہ ہے کہ حج کے شرائط پائے جاتے ہوں تو حج کرے۔

[88] اس کی تفصیل دوسری روایات میں اس طرح آئی ہے کہ صبح سے پہلے دو رکعت، ظہر سے قبل چار، ظہر کے بعد دو رکعت، مغرب کے بعد دو رکعت، عشاء کے بعد دو رکعت۔

[89] چونکہ وہ واجب ہے اور اس کا اہتمام سنتوں سے زیادہ ہے، اس لئے اس کو تاکیدی لفظ سے ذکر فرمایا۔

نہ کرے

١٦ وَّلَا تَعُقَّ وَالِدَيْكَ — اور والدین کی نافرمانی نہ کرے

١٧ وَلَا تَأْكُلْ مَالَ الْيَتِيْمِ ظُلْمًا — اور ظلم سے یتیم کا مال نہ کھائے[90]

١٨ وَّلَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ — اور شراب نہ پیئے

١٩ وَلَا تَزْنِ — اور زنانہ کرے

٢٠ وَلَا تَحْلِفْ بِاللّٰهِ كَاذِبًا — جھوٹی قسم نہ کھائے

٢١ وَّلَا تَشْهَدْ شَهَادَةَ زُوْرٍ — جھوٹی گواہی نہ دے

٢٢ وَّلَا تَعْمَلْ بِالْهَوٰى — خواہشاتِ نفسانیہ پر عمل نہ کرے

٢٣ وَ لَا تَغْتَبْ اَخَاكَ الْمُسْلِمَ — مسلمان بھائی کی غیبت نہ کرے

٢٤ وَلَا تَقْذِفِ الْمُحْصَنَةَ — عفیفہ عورت کو تہمت نہ لگائے[91]

---

90 یعنی اگر کسی وجہ سے یتیم کا مال کھانا جائز ہو جیسا کہ بعض صورتوں میں ہوتا ہے تو مضائقہ نہیں۔

91 اسی طرح عفیف مرد کو۔

۲۵ وَلَا تَغُلَّ اَخَاكَ الْمُسْلِمَ اپنے مسلمان بھائی سے کینہ نہ رکھے

۲۶ وَلَا تَلْعَبْ لہو ولعب میں مشغول نہ ہو

۲۷ وَلَا تَلْهُ مَعَ اللَّاهِيْنَ تماشائیوں میں شریک نہ ہو

۲۸ وَ لَا تَقُلْ لِّلْقَصِيْرِ يَا قَصِيْرُ تُرِيْدُ بِذٰلِكَ عَيْبَهٗ کسی پستہ قد کو عیب کی نیت سے ٹھنگنا مت کہو[92]

۲۹ وَ لَا تَسْخَرْ بِاَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ کسی کا مذاق مت اُڑا

۳۰ وَلَا تَمْشِ بِالنَّمِيْمَةِ بَيْنَ الْاَخَوَيْنِ نہ مسلمان کے درمیان چغل خوری کر

۳۱ وَ اشْكُرِ اللّٰهَ تَعَالٰى عَلٰى اور ہر حال میں اللہ جل شانہ کی

---

[92] یعنی اگر کوئی عیب دار لفظ ایسا مشہور ہو گیا ہو کہ اس کے کہنے سے نہ عیب سمجھا جاتا ہو نہ عیب کی نیت سے کہا جاتا ہو، جیسا کہ کسی کا نام بدھو پڑ جائے تو مضائقہ نہیں، لیکن طعن کی غرض سے کسی کو ایسا کہنا جائز نہیں۔

نِعۡمَتِهٖ — نعمتوں پر اُس کا شکر کر

۳۲ وَ تَصۡبِرَ عَلَى الۡبَلَآءِ وَ الۡمُصِيۡبَةِ — بلا اور مصیبت پر صبر کر

۳۳ وَ لَا تَأۡمَنۡ مِنۡ عِقَابِ اللّٰهِ — اور اللہ کے عذاب سے بے خوف مت ہو

۳۴ وَ لَا تَقۡطَعۡ اَقۡرِبَآئَكَ — اعزّہ سے قطع تعلق مت کر

۳۵ وَ صِلۡهُمۡ — بلکہ اُن کے ساتھ صلہ رحمی کر

۳۶ وَ لَا تَلۡعَنۡ اَحَدًا مِّنۡ خَلۡقِ اللّٰهِ — اللہ کی کسی مخلوق کو لعنت مت کر

۳۷ وَ اَكۡثِرۡ مِنَ التَّسۡبِيۡحِ وَ التَّكۡبِيۡرِ وَ التَّهۡلِيۡلِ — سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الہ الا اللہ، اللہ اکبر، ان الفاظ کا اکثر ورد رکھا کر

۳۸ وَ لَا تَدَعۡ حُضُوۡرَ الۡجُمُعَةِ وَ الۡعِيۡدَيۡنِ — جمعہ اور عیدین میں حاضری مت چھوڑ

۳۹ وَ اعۡلَمۡ اَنَّ مَآ اَصَابَكَ — اور اس بات کا یقین رکھ کہ جو کچھ

لَمۡ يَكُنۡ لِّيُخۡطِئَكَ وَ مَآ تکلیف و راحت تجھے پہنچی و مقدر اَخۡطَأَكَ لَمۡ يَكُنۡ میں تھی جو ٹلنے والی نہ تھی اور جو لِّيُصِيۡبَكَ کچھ نہیں پہنچا وہ کسی طرح بھی پہنچنے والا نہ تھا

۴۰ وَ لَا تَدَعۡ قِرَآئَةَ الۡقُرۡاٰنِ اور قرآن مجید کی تلاوت کسی حال عَلٰى كُلِّ حَالٍ میں بھی مت چھوڑ۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ جو شخص اس کو یاد کرلے، اس کو کیا اجر ملے گا؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ حق سبحانہ وتقدس اس کا انبیاء علیہم السلام اور علماء کے ساتھ حشر فرمائیں گے۔[93]

مرشدی حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب محدث سہارنپوری رحمہ اللہ ثم مدنی فرماتے ہیں: کیا ہی اچھا ہو کہ دین کے ساتھ

---

[93] رواه الحافظ ابو القاسم بن عبدالرحمن بن محمد بن اسحاق بن مدة و الحافظ ابوالحسن علی بن ابی القاسم بن بابویه الرازی فی الاربعین و ابن عساکر و الرافعی عن سلمان، فضائل قرآن از مولانا شیخ الحدیث محمد زکریا مدنی رحمہ اللہ

وابستگی رکھنے والے حضرات کم از کم اس (درج بالا حدیث) کو ضرور حفظ کرلیں کہ کوڑیوں میں لعل ملتے ہیں۔[94]

☆☆☆☆

خادم اہلسنّت حافظ عبد الوحید الحنفی

94 فضائل قرآن مولفہ حضرت شیخ الحدیث ص۷۶

قبر میں سوال وجواب

حضرت براء بن خازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی قبر میں رکھ دیا جاتا ہے، اور اس کے ساتھی پیٹھ موڑ کر چل دیتے ہیں۔ وہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔ اس وقت دو فرشتے آتے ہیں اور پوچھتے ہیں:

سوال (۱) یا ھٰذا مَنْ رَّبَّکَ۔ اے شخص تیرا ربّ کون ہے۔

(۲) وما دِیْنُکَ۔ تیرا دین کیا ہے

(۳) وَ مَنْ نَبِیَّکَ۔ اور تیرا نبی کون ہے۔

مردہ کے پاس دو فرشتے آتے ہیں۔ پھر اُس کی روح اُس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے۔ اُسے اٹھا کر بٹھاتے ہیں اور اُس سے پوچھتے ہیں:

(۱) مَنْ رَّبُّکَ۔ تیرا رب کون ہے۔

جواب وہ جواب دیتا ہے۔ رَبِّیَ اللّٰہ۔ میرا رب اللہ ہے۔

(۲) دوسرا سوال کرتے ہیں۔ مَا دِیْنُکَ۔ تیرا دین کیا ہے۔

جواب وہ جواب دیتا ہے۔ دِیْنِیَ الْاِسْلَام۔ میرا دین اسلام ہے۔

(۳) تیسرا سوال کرتے ہیں۔ مَا تَقُوْلَ فِیْ ھٰذَا الرَّجُلِ الَّذِیْ بُعِثَ

فِيْكُمْ۔ ان کے بارے میں تو کیا کہتا ہے جو تم لوگوں میں بھیجے گئے۔

جواب وہ جواب دیتا ہے۔ هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَ جَآئَنَا بِالْحَقِّ۔ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ آپ ہمارے پاس سچا دین لے کر تشریف لائے تھے۔

(۴) پھر وہ پوچھتے ہیں وَمَا عِلْمُكَ بِذَالِكَ۔ تجھے ان باتوں کا کس طرح علم ہوا۔

جواب وہ جواب دیتا ہے۔ قَرَأْتُ الْقُرْآنَ كِتَابَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاٰمَنْتُ بِهٖ وَصَدَّقْتُ۔ میں نے قرآن کتاب اللہ تعالیٰ میں پڑھا اور اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی۔[95]

(۲) ترمذی کی روایت ہے کہ وہ اس سوال۔ مَا كُنْتُ تَقُوْلَ فِيْ هٰذَ الرَّجُلِ۔ تو اس شخص کی نسبت کیا کہتا ہے۔

مردہ جواب دیتا ہے هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

وہ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی

---

[95] غنیۃ الطالبین ج ۱ ص ۱۵۹۔ از شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

الہ نہیں اور محمد ﷺ اُس کے بندے اور رسول ہیں۔

(۳) بخاری شریف میں ہے کہ جب اُس سے پوچھا جاتا ہے۔

مَا كُنْتُ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ ﷺ۔

تو اس شخص محمد ﷺ کے بارے کیا اعتقاد رکھتا تھا۔

وہ جواب دیتا ہے **اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ**

میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے بندے اور اُس کے رَسُول ہیں۔

(۴) سنن ابو داؤد میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مسلمان سے جب قبر میں سوال ہوتا ہے وہ گواہی دیتا ہے۔

فَشَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

سوائے اللہ کے کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔[96]

☆☆☆☆

---

[96] بخاری شریف

جہنم کے پل پر چڑھنے کے لئے آٹھ سیڑھیاں ہیں

غنیۃ الطالبین میں شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

وَ هِيَ ثَمَانُ قَنَاطِرَ عَلٰى جَسْرِ جَهَنَّمَ فَسُئِلَ الْعَبْدُ فِي اَوَّل مَوْقَفٍ مِنْهَا عَنِ الْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ فَاِنْ كَانَ مُؤْمِنًا نَجَا وَ اِلَّا تُرْدٰى فِي النَّارِ ثُمَّ جَازَ اِلَى الثَّانِيْ فَيُسْئَلُ عَنِ الْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ فَاِنْ قَصُرَ فِيْهِمَا تُرْدٰى فِي النَّارِ وَ اِنْ اَكْمَلَ رَكُوْعَهَا وَ سُجُوْدِهَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى الثَّالِثِ فَيُسْئَلُ عَنِ الزَّكٰوةِ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَدَّاهَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى الرَّابِعْ فَيُسْئَلُ عَنِ الصِّيَامِ فَاِنْ كَمَّلَ صِيَامَهٗ نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى الْخَامِسْ

فَيُسْئَلُ عَنِ الْحَجِّ وَ الْعُمْرَةَ فَاِذَا اِدَّهُمَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى السَّادِس فَيُسْئَلُ عَنِ الْاَمَانَةِ فَاِنْ لَمْ يَخُنْ فِيْهَا نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى السَّابِعُ فَيُسْئَلُ عَنِ الْغِيْبَةِ وَ النَّمِيْمَةِ وَ الْبُهْتَانِ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ اِعْتَابَ نَجَا ثُمَّ جَازَ اِلَى الثَّامِنِ فَيُسْئَلُ عَنْ اَكْلِ الْحَرَامَ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ اَكَلَ نَجَا وَ اِلَّا تُرْدٰى فِى النَّارِ[97]

ترجمہ: دیکھئے! جہنم کے پل پر چڑھنے کے لئے آٹھ سیڑھیاں ہیں:

(۱) پہلی سیڑھی پر انسان سے ایمان کے بارے میں سوال ہو گا۔ اگر مومن ہو گا تو نجات پا جائے گا ورنہ جہنم کے گڑھے میں گر جائے گا۔

(۲) دوسری سیڑھی پر وضو اور نماز کے بارے میں سوال ہو گا۔ اگر دونوں میں کوتاہی ہو گی تو جہنم رسید ہو جائے گا اور اگر صحیح صحیح نماز پڑھی ہو گی تو

[97] غنیۃ الطالبین جلد دوم ساتویں مجلس ص ۵۵

نجات پائے گا۔

(۳) تیسری سیڑھی پر زکوۃ کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اگر زکوۃ ادا کی ہو گی تو نجات پا جائے گا۔

(۴) چوتھی سیڑھی پر روزوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اگر روزے کامل ہوں گے تو نجات پا جائے گا۔

(۵) پانچویں سیڑھی پر حج اور عمرہ کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اگر ان دونوں کو ادا کیا ہو گا تو نجات پا جائے گا۔

(۶) چھٹی سیڑھی پر امانت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اگر امانت میں خیانت نہ کی ہو گی تو نجات پا جائے گا۔

(۷) ساتویں سیڑھی پر غیبت چغلی اور بہتان کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اگر ان سے بری ہو گا تو نجات پا جائے گا۔

(۸) آٹھویں سیڑھی پر حرام خوری کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اگر حرام نہ کھایا ہو گا تو نجات پا جائے گا ورنہ جہنم میں گر جائے گا۔

قبر کے پاس روح کو ثواب بخشنے کا طریقہ

وَاِذَا زَارَ قبرًا لَمْ یَضَعْ یَدَہٗ عَلَیْہِ وَلَا یُقَبِّلْہُ فَاِنَّہٗ عَادَۃُ الْیَھُوْدِ وَلَا یَقْعُدُ عَلَیْہِ وَلَا یَتَّکِیءُ اِلَیْہِ وَلَا یُدْرِسُہٗ اِلَّا اَنْ یَّضْطَرَّ اِلٰی ذٰلِکَ کُلِّہٖ بَلْ یَقِفُ عِنْدَ مَوْضِعِ وُقُوْفِہٖ اَنْ لَوْ کَانَ حَیًّا وَ یَقْرَأُ اِحْدٰی عَشَرَ مَرَّۃً قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَ غَیْرَھَا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَیُھْدِیْ ثَوَابَ ذٰلِکَ لِصَاحِبِ الْقَبْرِ وَ ھُوَ اَنْ یَّقُوْلَ: اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ قَدْ اَثَبْتَنِیْ عَلٰی قِرَآءَۃِ ھٰذِہِ السُّوْرَۃَ فَاِنِّیْ قَدْ اَھْدَیْتُ ثَوَابَھَا لِصَاحِبِ ھٰذَا الْقَبْرِ ثُمَّ یَسْاَلُ اللّٰہَ حَاجَتَہٗ [98]

ترجمہ: اگر کوئی کسی قبر کی زیارت کو جائے تو اس پر ہاتھ نہ رکھے، نہ اسے

---

[98] غنیۃ الطالبین عربی اردو مترجم ص ۱۱۰ از غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانی

چومے، کیوں کہ یہ یہودیوں کی عادت ہے۔ نہ اس پر بیٹھے، نہ اس سے ٹیک لگائے اور نہ اس پر چلے۔ یہ اور بات ہے کہ مجبوراً ایسا ہو جائے۔ بلکہ قبر کے سامنے اس طرح ادب و احترام سے کھڑا ہو جس طرح قبر والے کی زندگی میں اس کے سامنے ادب و احترام سے کھڑا ہوا کرتا تھا۔ اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص اور قرآن پاک کی کوئی اور سورت پڑھ کر اس کا ثواب قبر والے کی روح کو بطور تحفہ بخش دے۔ **بخشنے کی یہ صورت ہے** کہ اس طرح کہے: اے اللہ اگر آپ نے ان سورتوں کی تلاوت کا مجھے ثواب عطا فرمایا ہے تو میں نے ان کا ثواب اس قبر والے کو ہدیہ کے طور پر بخش دیا۔ اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرے۔

ایصال ثواب اس کے علاوہ کسی بھی جگہ سے جب مُردوں کو ایصالِ ثواب کریں تو فرداً فرداً، نام بنام صدقہ یا تلاوت کا ہدیہ بخش دیں۔ اس سے وہ زیادہ خوش ہوتے ہیں۔

(۲) اس کے ساتھ ساتھ اگر سب مومنوں کو شریک کرلیں تو بھی سب کو ثواب پہنچ جاتا ہے۔

شش کلمے، ایمان مفصل، ایمان مجمل

اوّل کلمۂ طیّب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﴿﴾

دوم کلمۂ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ﴿﴾

خادم اہلسنّت حافظ عبدالوحید الحنفی

سوم کلمۂ تمجید سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ﴿﴾

چہارم کلمۂ توحید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا

يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ
الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝

پنجم کلمۂ اِستغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ
اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَئًا سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ
اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْٓ اَعْلَمُ وَ مِنَ الذَّنْبِ
الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَ سَتَّارُ
الْعُيُوْبِ وَ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ ۝

ششم کلمۂ رَدِّ کفر اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ
شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ

تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ
وَ الْغِيْبَةِ وَ الْبِدْعَةِ وَ النَّمِيْمَةِ وَ الْفَوَاحِشِ وَ
الْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِىْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۝

ایمان مفصّل اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ
وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَ شَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ
تَعَالٰى وَ الْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ۝

ایمان مجمل اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَ صِفَاتِهٖ وَ
قَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَ
تَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ ۝

نماز پڑھنے کی مکمل ترتیب

تکبیر اَللّٰہُ اَکْبَرُ **ثناء** سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ وَ
تَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ ۝

تعوّذ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

تسمیہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

سورۃ الفاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ۝ لا مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ ط اِیَّاکَ نَعْبُدُ
وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ ط اِھْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِیْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
۵ لا غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآ لِّیْنَ ۝
آمین

سورۃ الاخلاص قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ
لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ **تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ

رکوع کی تسبیح سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

رکوع سے اٹھنے کی تسبیح سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

قومہ کی تحمید رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ **تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ

سجدہ کی تسبیح سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى **تکبیر** اَللّٰهُ اَكْبَرُ

التحیات اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبٰتُ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ؕ اَلسَّلَامُ
عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ؕ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرٰ ھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰ ھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرٰ ھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرٰ ھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

دعا رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَ
تَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَ
لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللہِ ۝

☆☆☆☆

شجرہ چشتیہ صابریہ امدادیہ رشیدیہ مدنیہ مظہریہ مختصرہ منظومہ

از نتائج افکار حضرت شمس العلماء الکاملین قطب الاولیاء العارفین مولانا رشید احمد گنگوہی قدس اللہ سرّہ العزیز

یا الٰہی کُن مناجاتم بفضلِ خود قبول
در منزلِ حق، حبیب را عطا کُن آگہی

از طفیل قاضی مظہر حسین رحمۃ اللہ علیہ کامل ولی[99]
دائماً یا ربّ! کنم ذِکرِ جلی ذکرِ خفی

سید حسین احمد رحمۃ اللہ علیہ رشید احمد رحمۃ اللہ علیہ امامِ وقت خویش
دہ مرا صادق یقیں از بہر جاہش اے غنی!

---

[99] پہلا شعر ناشر نے اضافہ کیا ہے۔ دوسرے شعر مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی جمیل احمد تھانویؒ کے ہیں۔

بہر امدادؒ و بنورؒ و حضرت عبدالرحیمؒ

عبد باریؒ عبد ہادیؒ، عضد دیںؒ مکیؒ ولی

ہم محمدیؒ و محبؒ اللہ و شاہِ بو سعیدؒ

ہم نظام الدینؒ جلالؒ وعبدِ قدوسؒ احمدیؒ

ہم محمدؒ و عارفؒ و ہم عبد حقؒ شیخ جلالؒ

شمس دیںؒ ترک و علاؤ الدینؒ فریدؒ جودھنی

قطب دینؒ وہم معین الدینؒ وعثمانؒ وشریفؒ

ہم بمودودؒ و ابو یوسفؒ محمدؒ و احمدیؒ

بو سحاقؒ و ہم بمشادؒ و ہُبیرہؒ نامور

ہم حذیفہؒ و ابن ادہمؒ ہم فضیلؒ مرشدی

عبد واحد رحمۃ اللہ علیہ ہم حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ علی رضی اللہ عنہ فخر دیں

سید الکونین رضی اللہ عنہا فخر العالمین رضی اللہ عنہا بُشریٰ نبی رضی اللہ عنہا

پاک کن قلب مرا تو از خیالِ غیر خویش

بہر ذاتِ خود شفایم دہ زامراضِ دِلی

☆☆☆☆

خادم اہلسنّت حافظ عبدالوحید الحنفی

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْن

خادم اہل سنت

حافظ عبد الوحید الحنفی چکوال

۲۴ شعبان ۱۴۳۴ھ

یکم جولائی ۲۰۱۳ء بروز پیر

☆☆☆☆

رسائل الحنفی

الحنفی لائبریری کے زیرِ اہتمام ہماری تمام مطبوعہ کتب حاصل کرنے لیے رابطہ کریں (کال یا واٹس ایپ):

Call/WhatsApp: +92-336-0551357

تمام کتب پی ڈی ایف فارمیٹ میں آن لائن پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے وزٹ کریں:

www.alhanfi.com

دینِ اسلام اور تاریخِ اسلام کے موضوعات پر مبنی کتابیں خود پڑھیں اور اپنے عزیز و اقارب اور دوستوں کے ساتھ شیئر بھی کریں۔ شکریہ

خادم اہلسنّت حافظ عبدالوحید الحنفی

ہماری دیگر کتب